روزنامہ
ٹیلیفون نمبر 047-6213029 FD-10

# الفضل

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

جمعرات 22/اپریل 2010ء 7 جمادی الاول 1431 ہجری 22 شہادت 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 88

## اللہ کے خوبصورت نام

اور اللہ ہی کے سب خوبصورت نام ہیں۔ پس اسے ان (ناموں) سے پکارا کرو اور ان لوگوں کو چھوڑ دو جو اس کے ناموں کے بارہ میں کج روی سے کام لیتے ہیں۔ جو کچھ وہ کرتے رہے اس کی انہیں ضرور جزا دی جائے گی۔

(الاعراف:181)

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

پروفیسر ریگ کے حضرت مسیح موعود سے سوال وجواب:۔

سوال:۔ جب خدا محبت ہے۔ عدل ہے۔ انصاف ہے۔ تو کیا وجہ کہ نظام دنیا میں ہم دیکھتے ہیں کہ اس نے بعض چیزوں کو بعض کی خوراک بنا دیا ہے۔ اگر محبت اور عدل یا انصاف و رحم اس کے ذاتی خاصے ہیں تو کیا وجہ کہ اس نے مخلوق میں سے بعض میں ایسی کیفیت اور قویٰ رکھ دیئے ہیں کہ وہ دوسروں کو کھا جائیں حالانکہ مخلوق ہونے میں دونو برابر ہیں۔

جواب:۔ جب محبت کا لفظ خدا تعالیٰ کی نسبت بولا جاتا ہے تو اس کو انسانی محبت پر قیاس کر لینا بڑی بھاری غلطی ہے محبت کا لفظ جس طرح انسانوں میں اطلاق پاتا ہے اور جو مفہوم اس کا انسانی تعلقات کی حیثیت میں سمجھا جاتا ہے وہ ہرگز ہرگز خدا تعالیٰ پر اطلاق نہیں پاسکتا اور نہ ہی وہ معنے اور مراد خدا تعالیٰ پر صادق آتے ہیں انسان میں محبت اور غضب کی قوت ہے مگر جو مفہوم ان کا انسان کے متعلق بولتے وقت ہمارے ذہن میں آتا ہے وہ خدا تعالیٰ پر ہرگز ہرگز اطلاق نہیں پاسکتا۔ یہ غلطی ہے۔ فطرت انسانی میں یہ رکھا گیا ہے کہ جب کسی سے محبت کرتا ہے تو اس کے فراق سے اس کو صدمہ بھی پہنچتا ہے۔ ماں اپنے بچے سے محبت کرتی ہے۔ مگر اگر اس کا بچہ اس سے جدا ہو جاوے تو اس کو کیسا صدمہ ہوتا ہے اور کتنا دکھ اور رنج پہنچتا ہے۔ اسی طرح سے جو شخص کسی دوسرے پر غضب کرتا ہے اول وہ خود اپنے آپ میں اس کا صدمہ اور اثر پاتا ہے گویا دوسرے کو سزا دینے کے ساتھ ہی خود اپنی جان کو بھی سزا دیتا ہے۔ غضب ایک دکھ ہے جس کا اثر پہلے اپنی ہی ذات پر پڑتا ہے اور ایک قسم کی تلخی پیدا ہو کر طبیعت میں سے راحت اور چین نکل جاتا ہے۔ مگر خدا تعالیٰ ان باتوں سے پاک ہے۔ پس اس سے صاف نتیجہ نکلتا ہے کہ ان الفاظ کا اطلاق اس رنگ میں جس رنگ میں ہم انسان پر کرتے ہیں اور جو مفہوم ان کا انسانی تعلق میں ہوسکتا ہے اس رنگ میں خدا تعالیٰ پر نہیں بول سکتے اور نہ ہی وہ خدا پر صادق آتے ہیں۔ اس واسطے ہم ان الفاظ کو پسند نہیں کرتے۔ یہ ان لوگوں کا بنایا ہوا لفظ ہے۔ جو خدا کو محض انسانی حالت پر قیاس کرتے ہیں۔ وہ پاک ذات ہے۔ جو اس کی رضا کے موافق چلتا ہے اس سے اس کا تعلق زیادہ سے زیادہ ہوتا جاتا ہے ہاں البتہ استعارہ کے رنگ میں محبت اور غضب کا لفظ خدا تعالیٰ کے لئے بھی بولا جاسکتا ہے۔

پس یاد رکھو کہ یہ ایک دنیا کا کارخانہ ہے جس کے واسطے خدا تعالیٰ نے اپنی کامل حکمت سے موجودہ نظام مقرر فرمایا ہے اور یہ اس نظام کے ماتحت اس طرح سے چل رہا ہے۔ البتہ اس کے واسطے یہ الفاظ موزون نہیں ہیں۔ محبت کا لفظ ایک درد اور گداز رکھتا ہے۔ اگر فرض بھی کر لیں کہ خدا محبت ہے اور اس کی صفت غضب بھی ہے (انسانی حالت کے خیال سے) تو پھر ساتھ ہی یہ بھی ماننا پڑے گا کہ خدا کو بھی ایک قسم کی تکلیف اور رنج و دکھ ہوتا ہے۔ مگر یاد رکھو ایسے ناقص الفاظ خدا تعالیٰ کی طرف منسوب نہیں کئے جاسکتے۔

(ملفوظات جلد پنجم ص 672)

## تمام فواحش سے بچیں

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:۔

”چھپی ہوئی فواحش جو ہیں یہ ایسی ہیں جو بعض دفعہ انسان کو متاثر کرتے ہوئے بہت دور لے جاتے ہیں۔ مثلاً بعض دفعہ غلط نظارے ہیں، غلط فلمیں ہیں، بالکل عریاں فلمیں ہیں، اس قسم کی دوسری چیزوں کو دیکھ کر آنکھوں کے زنا میں مبتلا ہو رہا ہوتا ہے انسان۔ پھر خیالات کا زنا ہے، غلط قسم کی کتابیں پڑھنا، یا سوچیں لے کر آنا۔ بعض ماحول ایسے ہیں کہ ان میں بیٹھ کر انسان اس قسم کی فحشاء میں دھنس رہا ہوتا ہے۔ پھر کانوں سے بے حیائی کی باتیں سننا۔ تو یہ دعا سکھائی گئی ہے کہ اے اللہ ہمارا ہر عضو جو ہے اسے اپنے فضل سے پاک کر دے۔ اور ہمیشہ اسے پاک رکھ اور شیطان کے راستے پر چلنے والے نہ ہوں۔ اور ہم سب کو شیطان کے راستے پر چلنے سے بچا۔“

(خطبات مسرور جلد اول صفحہ 541، 542)

(ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات شوریٰ 2010ء)

## سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی آمد

مکرم ڈاکٹر عباس باجوہ صاحب آرتھوپیڈک سرجن اور مکرمہ ڈاکٹر آصفہ عباس باجوہ صاحبہ گائناکالوجسٹ مورخہ 25/اپریل 2010ء کو فضل عمر ہسپتال میں مریضوں کے معائنہ کیلئے تشریف لائیں گے۔ ضرورت منداحباب وخواتین ان کی خدمات سے استفادہ کیلئے ہسپتال تشریف لائیں اور پرچی روم سے اپنی رجسٹریشن کروالیں۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رابطہ فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

مشعلِ راہ

# چغلی کرنے اور سننے دونوں سے منع کیا گیا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ 26 دسمبر 2003ء میں فرماتے ہیں۔

''حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چغلی کرنے اور چغلی سننے دونوں سے منع فرمایا ہے۔ (مجمع الزوائد جلد8 صفحہ 91)

جیسے کہ پہلے بھی میں نے کہا تھا کہ بعضوں کو ایسی مجلسوں میں بیٹھ کر مذاق سننے کی عادت پڑتی ہے اور آہستہ آہستہ چغلی کرنے کی عادت پڑ جاتی ہے۔ تو چغلی سننے کو بھی منع فرمایا ہے۔

پھر'' حضرت عبداللہ بن بسر بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حاسد، چغل خور اور کاہن مجھ میں سے نہیں اور میں ان میں سے نہیں۔ (مجمع الزوائد جلد8 صفحہ 91)

پھر ایک حضرت ابوہریرہؓ کی روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے بھائی کی آنکھ کا تنکا تو انسان کو نظر آجاتا ہے لیکن اپنی آنکھ میں پڑا ہوا شہتیر وہ بھول جاتا ہے۔ (**الترغیب والترھیب منان یا مر بالمعروف وینھی عن المنکر وینھی نفسہ**)۔ یعنی بھائی کی چھوٹی سے چھوٹی برائی تو نظر آجاتی ہے اپنی بڑی بڑی برائیاں بھی نظر نہیں آتیں۔

آج بھی دیکھ لیں چغل خور یا دوسروں کی غیبت کرنے والے، بڑھ بڑھ کر باتیں کرنے والے خود ان تمام برائیوں میں بلکہ ان سے بڑھ کر برائیوں میں مبتلا ہوتے ہیں جو وہ اپنے بھائی کے متعلق بیان کر رہے ہوتے ہیں۔ اور پھر ان کی بے شرمی کی یہ بھی انتہا ہے کہ ان کی برائیوں کا کھلے عام بعض لوگوں کو علم بھی ہوتا ہے پھر بھی ان کو شرم نہیں آرہی ہوتی کہ ہم پہلے اپنی اصلاح کریں بجائے اس کے کہ اپنے بھائی کی برائیاں کریں۔

سب سے اچھی بات تو یہ ہے کہ اگر صحیح درد ہے معاشرے کا، معاشرے کی اصلاح کرنا چاہتے ہیں، صرف مزے لینے کے لئے اور لوگوں کی ٹانگیں کھینچنے کے لئے باتیں نہیں کہ ان کو لوگوں کی نظروں سے گراؤں، افسروں کی نظروں سے گراؤں اور اپنی پوزیشن بناؤں۔ تو ایسے لوگ بھی جیسا کہ حدیث میں آتا ہے کہ اس نصیحت پر عمل کرتے ہیں کہ'' حضرت ابن عباسؓ نے کہا کہ اگر تو اپنے کسی ساتھی کے عیوب بیان کرنا چاہے تو پہلے ایک نظر اپنے عیوب پر ڈال لے'' (احیاء علوم الدین جلد3 صفحہ 177)۔ کسی کے عیب بیان کرنے سے پہلے اپنے عیبوں پر نظر ڈالو۔

اسی بارہ میں حضرت اقدس مسیح موعود نے اپنے ایک شعر میں فرمایا کہ

بدی پر غیر کی ہر دم نظر ہے ☆ مگر اپنی بدی سے بے خبر ہے

تو جب آپ اپنے عیب دیکھیں گے۔ جو بہت دل گردے کا کام ہے، **بہت کم ہیں جو اپنے عیبوں پر اس طرح نظر رکھتے ہیں جیسا کہ فرمایا گیا ہے کہ اپنی آنکھ کا شہتیر بھی نظر آنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ اپنی بڑی سے بڑی برائی بھی نظر نہیں آتی۔ اور اگر وہ نظر آجائے گی تو بڑی اور چھوٹی تمام برائیاں نظر آنا شروع ہو جائیں گی۔ اور دوسروں کی برائیاں کرنے سے پہلے ایسا شخص سوچے گا اور پھر نیک نیت ہو کر پہلے اپنی اصلاح کی کوشش کرے گا، پھر اپنے دوست کی اصلاح کی کوشش کرے گا تا کہ حسین اور پاک معاشرہ قائم ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ ہم میں سے ہر ایک کو اس کی توفیق دے کہ اپنے آپ پر نظر رکھیں۔**

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''بدظنی سے بچو کیونکہ بدظنی سخت قسم کا جھوٹ ہے۔ ایک دوسرے کے عیب کی ٹوہ میں نہ رہو، اپنے بھائی کے خلاف تجسس نہ کرو، اچھی چیز ہتھیانے کی حرص نہ کرو، حسد نہ کرو، دشمنی نہ رکھو، بے رخی نہ برتو، جس طرح اس نے حکم دیا ہے اللہ کے بندے اور بھائی بھائی بن کر رہو۔ مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے وہ اس پر ظلم نہیں کرتا، اسے رسوا نہیں کرتا، اسے حقیر نہیں جانتا، اپنے سینے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے آپ نے فرمایا: تقویٰ یہاں ہے، تقویٰ یہاں ہے۔ (یعنی مقام تقویٰ تو دل ہے) اور سب سے بڑا جو مقام تقویٰ ہے اور جس دل میں تقویٰ ہے وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا دل ہے اور پھر ہر ایک کو بھی اپنے دلوں کو ٹٹولنا چاہئے اور تقویٰ پر قائم رہنا چاہئے۔ تو'' ایک انسان کے لئے یہی برائی کافی ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کی تحقیر کرے۔ ہر مسلمان کی تین چیزیں دوسرے مسلمان پر حرام ہیں۔ اس کا خون، اس کی آبرو اور اس کا مال۔ اللہ تعالیٰ تمہارے جسموں کی خوبصورتی کو نہیں دیکھتا اور نہ تمہاری صورتوں کو اور نہ تمہارے اموال کو بلکہ اس کی نظر تمہارے دلوں پر ہے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک دوسرے سے حسد نہ کرو، اپنے بھائی کے خلاف جاسوسی نہ کرو، دوسروں کے عیبوں کی ٹوہ میں نہ رہو، ایک دوسرے کے سودے نہ بگاڑو''۔ اب یہاں سودے بگاڑنے میں ایک یہ چیز بھی آجاتی ہے کہ جو نئے رشتے قائم ہو رہے ہوتے ہیں لڑکے لڑکی کے ان میں بھی بعض لوگ بگاڑ پیدا کرتے ہیں جیسا کہ میں پہلے بیان کر آیا ہوں۔ تو یہ بھی نہیں کرنا چاہئے۔ عورتیں پہنچ جاتی ہیں، جہیز کا اور دوسری چیزوں کا بتانے کے لئے فلاح جگہ نہیں، فلاں جگہ اچھا رشتہ ہے۔ پھر فرمایا کہ'' اللہ تعالیٰ کے مخلص بندے اور بھائی بھائی بن کر رہو''۔

(مسلم کتاب الادب باب تحریم الظن و بخاری کتاب الادب)

(روزنامہ الفضل 13/ اپریل 2004ء)

مکرم پروفیسر مرزا مبشر احمد صاحب

# سیمینار بعنوان ''طلباء اور امتحانات''

محض خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے مورخہ 28 مارچ 2010ء کو بیت الذکر شالامار ٹاؤن لاہور میں مکرم محمد انور قریشی صاحب سیکرٹری تعلیم حلقہ نے طلباء وطالبات کیلئے ایک سیمینار کا اہتمام کیا۔ جس کا موضوع تھا۔ ''طلباء اور امتحانات'' اس سیمینار کا آغاز محترم چوہدری محمد انور صاحب صدر حلقہ کی زیر صدارت ہوا۔ تلاوت و نظم کے بعد مکرم عاصم علی ملک صاحب پروفیسر فزکس گورنمنٹ کالج لاہور، مکرم پروفیسر منیر الدین سیال صاحب کیمسٹری گورنمنٹ سائنس کالج لاہور، مکرم چوہدری اکرم علی صاحب سابق ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لاہور اور مکرم بشیر احمد چودھری صاحب سابق پروفیسر انگریزی گورنمنٹ کالج لاہور نے طلباء وطالبات کو امتحانات کے حوالے سے بعض اہم امور اور غلطیوں سے بچنے کی طرف توجہ دلائی۔ ان امور کا مختصر خلاصہ پیش خدمت ہے۔

☆ امتحان سے پہلی رات نیند پوری کرنی چاہئے تا کہ کمرہ امتحان میں غنودگی نہ ہو۔ ذہن اور جسم فریش ہونے چاہئیں۔

☆ ناشتہ نہ زیادہ بھاری ہو اور نہ ہی بہت ہلکا۔ کوشش کریں کہ لسی وغیرہ سے اجتناب کریں تا کہ سستی پیدا نہ ہو۔

☆ کمرہ امتحان میں بیٹھنے سے پہلے اپنی تمام چیزیں چیک کر لیں نیز اردگرد کا جائزہ بھی لیں کہ کہیں کوئی کاغذ تو آپ کے آس پاس نہیں پڑا ہوا۔ ایسی صورت میں فوراً نگران کی مدد لیں۔

☆ جوابی کاپی ملنے پر اس کے حاشیے لگا لیں جو قریباً ایک انچ کا ہو۔

☆ دعا کر کے پرچہ حل کرنا شروع کریں۔ جو سوالات بہت اچھی طرح آتے ہوں پہلے وہ کریں۔

☆ کمرہ امتحان میں موبائل نہ لائیں۔

☆ پرچہ حل کرنے کے بعد دہرائی کریں۔

☆ بعض طلباء سوالات کے نمبر اپنی ترتیب سے لگاتے ہیں مثلاً اگر انہوں نے ساتواں سوال پہلے کیا ہے تو اس پر سوال نمبر 1 لکھ دیتے ہیں۔ چونکہ ممتحن جلدی میں ہوتا ہے اس لئے وہ اسے غلط جواب سمجھ کر کاٹ دیتا ہے۔ سوالوں کے نمبر پرچہ کے مطابق ہونے چاہئیں۔ جو نمبر پرچہ پر لکھا ہے وہی لکھیں مثلاً انگریزی میں یا رومن میں ہے تو اسی طرح لکھیں۔

☆ سوالوں کو جوابی کاپی پر نقل نہ کریں۔ وقت بھی کم ہوتا ہے۔

☆ غیر متعلقہ مواد سے نمبر کٹ جاتے ہیں۔

☆ کمرہ امتحان میں ایک سے زیادہ قلم لے کر جائیں۔ خوشخطی کا خاص خیال رکھیں۔

☆ جوابی کاپی پر رول نمبر اس کی جگہ پر لکھیں اس سے زائد کچھ نہ لکھیں۔

☆ پرچہ میں کسی قسم کی دعا یا اپیل نہ لکھیں۔

☆ اچھے نمبروں کے حصول کیلئے دلجمعی سے کم از کم 12 سے 14 گھنٹے روزانہ مطالعہ کرتے رہیں۔

اساتذہ کرام کی تقاریر اور سوال و جواب کے بعد خاکسار نے طلباء کو تلقین کی کہ وہ باقاعدہ ٹائم ٹیبل بنا کر پڑھائی کریں۔ ہر مضمون کو روزانہ وقت دیں۔ دعا کے ساتھ اس تقریب کا اختتام ہوا۔

# صلح کا عالمی پیغام

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:

میں اپنی طرف سے دنیا کو صلح کا پیغام دیتا ہوں میں انگلستان کو دعوت دیتا ہوں کہ آؤ! اور ہندوستان سے صلح کر لو اور میں ہندوستان کو دعوت دیتا ہوں کہ جاؤ! اور انگلستان سے صلح کر لو اور میں ہندوستان کی ہر قوم کو دعوت دیتا ہوں اور پورے ادب و احترام کے ساتھ دعوت دیتا ہوں بلکہ لجاجت اور خوشامد سے ہر ایک کو دعوت دیتا ہوں کہ آپس میں صلح کر لو اور میں ہر قوم کو یقین دلاتا ہوں کہ جہاں تک دنیوی تعاون کا تعلق ہے ہم ان کی باہمی صلح اور محبت کے لئے تعاون کرنے کو تیار ہیں اور میں دنیا کی ہر قوم کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ ہم کسی کے دشمن نہیں۔ ہم کانگرس کے بھی دشمن نہیں، ہم ہندو مہا سبھا والوں کے بھی دشمن نہیں مسلم لیگ والوں کے بھی دشمن نہیں اور زمیندارہ لیگ والوں کے بھی دشمن نہیں اور خاکساروں کے بھی دشمن نہیں اور خدا تعالیٰ جانتا ہے کہ ہم تو احراریوں کے بھی دشمن نہیں۔ ہم ہر ایک کے خیر خواہ ہیں اور ہم صرف ان کی ان باتوں کو برا مانتے ہیں جو دین میں دخل اندازی کرنے والی ہوتی ہیں۔ ورنہ ہم کسی کے دشمن نہیں ہیں اور ہم سب سے کہتے ہیں کہ ہمیں چھوڑ دو کہ ہم خدا تعالیٰ کی اس مخلوق کی خدمت کریں۔ ساری دنیا سیاسیات میں الجھی ہوئی ہے۔ اگر ہم چند لوگ اس سے علیحدہ رہیں اور مذہب کی (اشاعت) کا کام کریں تو دنیا کا کیا نقصان ہو جائے گا۔

(الفضل 17 جنوری 45ء)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ
مطبع: ضیاء الاسلام پریس
مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ
قیمت 5 روپے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دور خلافت و کارنامے

# دورہ جات، خطابات، میٹنگز، ملاقاتیں، سنگ بنیاد وافتتاح بیوت الذکر

## ایم ٹی اے 3 العربیہ کا اجراء۔ 69 زبانوں میں مکمل قرآن کریم کے تراجم کی اشاعت

مرتبہ: مکرم افتخار احمد انور صاحب

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز **15 ستمبر 1950ء** کو ربوہ میں پیدا ہوئے۔

آپ حضرت صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب اور حضرت صاحبزادی ناصرہ بیگم صاحبہ کے بیٹے اور حضرت مرزا شریف احمد صاحب کے پوتے اور حضرت مصلح موعود کے نواسے اور حضرت مسیح موعود کے پڑپوتے ہیں۔

آپ نے میٹرک تعلیم الاسلام ہائی سکول ربوہ سے کیا۔ بی اے تعلیم الاسلام کالج ربوہ سے پاس کیا اور زرعی یونیورسٹی فیصل آباد سے **1976ء** میں ایم ایس سی ایگریکلچرل اکنامکس کی ڈگری حاصل کی۔ آپ کی شادی مورخہ **31 جنوری 1977ء** کو حضرت سیدہ امۃ السبوح بیگم صاحبہ بنت مکرم سید داؤد مظفر شاہ صاحب سے ہوئی۔ خدا تعالیٰ نے آپ کو ایک بیٹی مکرمہ امۃ الوارث فاتح صاحبہ اہلیہ مکرم فاتح احمد ڈاہری صاحب اور ایک بیٹے مکرم صاحبزادہ مرزا وقاص احمد صاحب مقیم لندن سے نوازا۔

آپ اپنی زندگی وقف کر کے نصرت جہاں سکیم کے تحت **اگست 1977ء** میں غانا تشریف لے گئے۔

جہاں آپ **1977ء تا 1985ء** بطور پرنسپل احمدیہ سیکنڈری سکول سلاگا میں خدمات بجالاتے رہے۔

آپ ایسارچر میں 4 سال اور 2 سال زرعی فارم ٹمالے شمالی غانا کے مینیجر رہے۔

آپ کو یہ بھی اعزاز حاصل ہے کہ آپ نے غانا میں پہلی بار گندم اگانے کا کامیاب تجربہ کیا۔

**1985ء** میں پاکستان واپس آئے۔

**17 مارچ 1985ء** سے نائب وکیل المال ثانی کے طور پر تعیناتی ہوئی۔

آپ کو **18 جون 1994ء** کو بطور ناظر تعلیم صدر انجمن احمدیہ مقرر کیا گیا۔

**10 دسمبر 1997ء** کو ناظر اعلیٰ و امیر مقامی مقرر ہوئے انتخاب خلافت تک اسی عہدہ جلیلہ پر فائز رہے۔

**1994ء** سے لے کر **1997ء** تک ناصر فاؤنڈیشن کے چیئرمین رہے۔

اسی دوران آپ صدر تزئین ربوہ کمیٹی بھی رہے اور گلشن احمد نرسری کی توسیع اور ربوہ کو سرسبز بنانے کے لئے ذاتی کوشش اور نگرانی فرمائی۔

آپ **1988ء تا 1995ء** ممبر قضا بورڈ بھی رہے۔

آپ نے خدام الاحمدیہ مرکزیہ میں مہتمم صحت جسمانی، مہتمم تجنید، مہتمم مجالس بیرون اور نائب صدر کے طور پر خدمات پیش کیں۔

انصار اللہ پاکستان میں قائد ذہانت وصحت جسمانی اور قائد تعلیم القرآن رہے۔

**1999ء** میں ایک مقدمہ میں اسیر راہ مولیٰ بھی رہے

## دور خلافت اور کارنامے

خدا تعالیٰ کے فضل سے **22 اپریل 2003ء** کو آپ بیت الفضل لندن میں خلیفۃ المسیح الخامس کے عہدہ جلیلہ پر متمکن ہوئے۔

**22 اپریل 2003ء** کو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اراکین مجلس انتخاب سے خطاب فرمایا اور پھر عام بیعت لی۔

جلسہ سالانہ یو کے **2003ء** کے موقع پر طاہر فاؤنڈیشن کے قیام کا اعلان فرمایا۔

آپ نے جلسہ سالانہ برطانیہ **2003ء** کے موقع پر ڈاکٹروں کو توجہ دلائی کہ افریقہ کے ہسپتالوں میں مستقل یا عارضی وقف کریں۔

**10 اکتوبر 2003ء** کو بد رسوم سے بچنے کی تحریک۔

**30 جنوری 2004ء** کو پردے کی تحریک۔

**23 اپریل 2004ء** کو آپ نے صاف ستھرا ماحول رکھنے کی تحریک فرمائی۔

**7 ستمبر 2004ء** کو جرمنی میں حضور انور نے اپنے دورے کے دوران خلافت رابعہ کے دور میں کیا ہوا عہد دہرایا۔ جس میں 100 بیوت الذکر کی تعمیر کا ذکر ہے۔

**5 نومبر 2004ء** کو تحریک جدید دفتر پنجم کا اجراء۔

برمنگھم کی بیت اور بریڈفورڈ کی بیت کے افتتاح اور سنگ بنیاد رکھنے کے بعد چندہ کی تحریک فرمائی۔

**14 جنوری 2005ء** کو ویلنسیا سپین میں بیت تعمیر کرنے کی تحریک۔

**27 مئی 2005ء** کو خلافت جوبلی کا روحانی پروگرام پیش فرمایا۔

**23 ستمبر 2005ء** کو ناروے کی بیت الذکر کی تحریک

**16 اپریل 2004ء** کو ایم ٹی اے 2 کا افتتاح۔

آپ ہی کے دور مبارک میں mta3 العربیہ کا تاریخی آغاز مورخہ **23 مارچ 2007ء** کو ہوا۔

**20 تا 31 اگست 2003ء** دورہ جرمنی۔

**30 ستمبر تا 8 اکتوبر 2003ء**: برطانیہ کا دورہ

**13 مارچ 2004ء** کو دورہ غانا فرمایا۔

**24 مارچ 2004ء** کو بورکینا فاسو تشریف لے گئے۔

**4 اپریل 2004ء** کو دورہ بینن فرمایا۔

**11 اپریل 2004ء** کو نائیجیریا تشریف لے گئے۔

**15 مئی 2004ء** کو دورہ بیلجیئم۔

**16 مئی 2004ء** کو دورہ جرمنی۔

**2 جون 2004ء** کو دورہ ہالینڈ۔

**21 جون 2004ء** کو دورہ کینیڈا۔

**3 ستمبر 2004ء** کو دورہ سوئٹزرلینڈ۔

**2005ء** میں بھارت، تنزانیہ، جرمنی، ڈنمارک، سپین، سویڈن، فرانس، کینیا، کینیڈا، ماریشس، ناروے، ہالینڈ اور یوگنڈا کا دورہ فرمایا۔

**2006ء** میں آسٹریلیا، بھارت، بیلجیئم، جاپان، جرمنی، سنگاپور، فجی، نیوزی لینڈ، ہالینڈ کا دورہ فرمایا۔

**2 جنوری 2007ء** کو برلن کی بیت الذکر کا افتتاح۔ میئر اور ممبر پارلیمنٹ سے ملاقاتیں۔

**3 جنوری 2007ء** کو بوخولٹ میں بیت الذکر کا افتتاح فرمایا۔ حضور انور ہالینڈ تشریف لے گئے۔

**18 اگست 2007ء** حضور انور لندن سے بیت السلام مشن ہاؤس پیرس تشریف فرما ہوئے۔

**20 اگست 2007ء** فرانس سے ہالینڈ روانہ ہوئے۔ اجتماعی بیعت ہوئی۔

**25 اگست** کو ہالینڈ سے جرمنی ورود مسعود۔

**31 اگست 2007ء** کو جلسہ سالانہ جرمنی سے خطاب۔

**4 ستمبر 2007ء** کو حضور انور نے کاسل (Kassel) جرمنی میں بیت محمود اور بیت المقیت کا افتتاح فرمایا۔

**29 مارچ 2008ء** کو بیت الفتوح مورڈن لندن میں حضور انور کا لندن پیس کانفرنس سے خطاب۔ میئرز، ممبران پارلیمنٹ، کونسلرز، ڈاکٹرز، نمائندگان پریس اور ماہرین اقتصادیات کی شرکت۔

**15 اپریل 2008ء** کو حضور انور لندن سے غانا کے لئے روانہ ہوئے۔ غانا کے ایئرپورٹ پر VIP لاؤنج میں پریس کانفرنس ہوئی۔

**16 اپریل 2008ء** کے دن صدر مملکت غانا John Agyekum Kufor کے ساتھ حضور انور کی ملاقات ہوئی۔

☆460 ایکڑ پر مشتمل خریدی گئی اراضی ''باغ احمد'' کا حضور انور نے معائنہ فرمایا اور وہاں بعض گیسٹ ہاؤسز کا افتتاح فرمایا۔

**17 اپریل 2008ء** جلسہ سالانہ غانا سے حضور انور کا افتتاحی خطاب۔ بعد میں صدر مملکت غانا کا خطاب۔

**19 اپریل 2008ء** جلسہ سالانہ غانا سے حضور انور کا اختتامی خطاب نائب صدر مملکت غانا کا خطاب۔ اس جلسہ میں 32 ممالک کے ایک لاکھ افراد نے شرکت کی۔

**22 اپریل 2008ء** کو حضور انور غانا سے روانہ ہو کر نائیجیریا پہنچے۔ ایئرپورٹ کے VIP لاؤنج میں ایک پریس کانفرنس منعقد ہوئی۔ والہانہ استقبال

**23 اپریل 2008ء** کو حضور انور کا بینن بارڈر پر 30 بادشاہوں نے اپنی رعایا کے ساتھ استقبال کیا اور حضور انور کو سٹیٹ گیسٹ قرار دیا گیا۔

**24 اپریل 2008ء** صدر مملکت بینن کے ساتھ حضور انور کی ملاقات ہوئی۔ ایوان صدر کے باہر پریس کانفرنس ہوئی اور ٹیلی ویژن اور ریڈیو کے نمائندگان نے انٹرویوز کئے۔

**25 اپریل 2008ء** حضور انور نے بینن میں بیت المہدی کا افتتاح فرمایا۔ اس کے بیرونی احاطہ میں مشن ہاؤس کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔ ایک مقامی ہوٹل Palais De Congress میں استقبالیہ تقریب منعقد ہوئی۔ جن میں وزیر اطلاعات ونشریات، صدر مملکت کی مشیر خاص، 13 ممبران پارلیمنٹ، 5 میئر سابقہ وزراء اور کئی مقتدر شخصیات شامل تھیں۔

**27 اپریل 2008ء** حضور انور نے نائیجیریا کے رقیم پریس کا معائنہ، بیت الرحیم کا افتتاح۔

**28 اپریل 2008ء** ڈپٹی گورنر کوارا سٹیٹ کی طرف سے استقبالیہ دیا گیا۔

**29 اپریل 2008ء** بیت مبارک ابوجہ کا افتتاح اور ٹی وی کو انٹرویو۔

**2 مئی 2008ء** 181 ایکڑ رقبہ پر قطعہ زمین جس کا نام حدیقہ احمد رکھا گیا۔ حضور انور نے اس کا افتتاح فرمایا۔

**3 مئی 2008ء** جلسہ سالانہ نائیجیریا سے خطاب اور پریس کانفرنس 6 مئی 2008ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نائیجیریا سے لندن واپس تشریف لائے۔

## خلافت جوبلی کے سلسلہ میں مرکزی تقریب

**27 مئی 2008ء** احمدیت کی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل تھا۔ اس دن لندن کے ہال Excel میں تقریب منعقد ہوئی جس میں حضور انور ایدہ اللہ نے عہد ساز خطاب فرمایا اور ساری دنیا کے احمدیوں سے عہد لیا۔ یہ خطاب براہ راست ساری دنیا میں بوساطت

MTA دیکھا اور سنا گیا۔

**16 جون 2008ء** پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس لندن سے اپنے پہلے سفر امریکہ کے لئے روانہ ہوئے۔

برٹش ایئرویز کی پرواز BA1293 ہیتھرو ایئرپورٹ لندن سے واشنگٹن (امریکہ) کے Dulles ایئرپورٹ کے لئے روانہ ہوئی۔ خصوصی پروٹوکول کے ذریعے حضور انور اور قافلہ کو ایک سپیشل Mobile Lounge کے ذریعے VIP لاؤنج میں لایا گیا۔

حضور انور نے سیرالیون کے سفیر اور بینن کے کونسلر سے ملاقات فرمائی۔

حضور انور کی امریکہ میں پہلی بار آمد پر امریکہ کی ممبر آف کانگریس Hon. Thomas M Davis کی درخواست پر امریکہ کا قومی پرچم 16 جون کو ایوان حکومت پر لہرایا گیا۔ اگلے دن قومی پرچم، خط اور تحریری دستاویز حضور انور کی خدمت میں بھجوائی گئی جس میں لکھا تھا۔

ریاستہائے متحدہ امریکہ کا قومی پرچم

**23 جون 2008ء** کو شام سات بجے ورجینیا میں Hilton Hotel میں ایک استقبالیہ تقریب کا انعقاد ہوا۔ جہاں مہمانوں کی بڑی تعداد (302) موجود تھی۔ حکومت کے State Department کے چار نمائندگان اور حکومتی اراکین شامل ہوئے۔

## خلافت فلائٹ

**24 جون 2008ء** کو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس کامیاب دورہ امریکہ کے بعد کینیڈا کے لئے روانہ ہوئے۔ واشنگٹن سے ٹورانٹو کینیڈا تک کے سفر کے لئے Continental ایئرلائن کے ذریعے روانہ ہوئے۔

جو بورڈنگ کارڈ مہیا کیا گیا اس پر ایک حصہ میں لکھا تھا۔ "Khilafat Flight" اور دوسرے حصہ پر Ahmadiyya ...... Community Khilafat Centenary Celebration

**26 جون 2008ء** کینیڈا کی واقفات نو کی حضور انور کے ساتھ کلاس

**29 جون 2008ء** جلسہ سالانہ کینیڈا کے آخری روز حضور انور کا اختتامی خطاب۔

**30 جون 2008ء** حضرت خلیفۃ المسیح الخامس نے کینیڈا میں نئی جلسہ گاہ کا معائنہ فرمایا۔ حضور انور نے اس کا نام حدیقہ احمد عطا فرمایا۔ یہ تقریباً 250 ایکڑ رقبے پر پھیلا ہوا ہے۔ اس کے اندر جماعت کینیڈا کے کئی پراجیکٹ ہیں۔

حدیقہ احمد کے ہی ایک حصہ میں ونڈمل کا بھی حضور انور نے معائنہ فرمایا جس پر کینیڈا کے انجینئر کام کر رہے ہیں اور بجلی پیدا کرنے کا کام شروع ہو چکا ہے۔

**یکم جولائی 2008ء** کینیڈا کے انجینئرز نے ایک سولر سسٹم مشن ہاؤس کے ساتھ نصب کیا ہے جس کا معائنہ حضور انور نے فرمایا۔

**یکم جولائی 1868ء** کینیڈا کا یوم آزادی ہے۔ یکم جولائی 2008ء حضور انور نے اس دن کے حوالے سے تقریب میں شرکت کی۔

دفتر لجنہ اماء اللہ کینیڈا کا حضور انور نے افتتاح فرمایا۔ جس کا نام ''بیت النصرت'' رکھا گیا ہے۔

AMJ Inc کا حضور انور نے افتتاح فرمایا۔ جو World Media Forum Inc کے لئے مخصوص کیا گیا ہے۔ اس میں MTA سٹوڈیو بھی قائم کیا جائے گا۔

**2 جولائی 2008ء** حضور انور نے بیت النور کا معائنہ فرمایا جس کا رقبہ 4 ہزار 8 سو مربع فٹ ہے۔

**25،26،27 جولائی 2008ء:** برطانیہ کا 42واں جلسہ سالانہ حدیقۃ المہدی ہیمپشائر میں منعقد ہوا۔ 85 ممالک سے 40 ہزار سے زائد خدام احمدیت پروانہ وار شمع خلافت کے گرد اکٹھے ہوئے اور اس روحانی مائدہ سے مستفیض ہوئے۔ 16ویں عالمی بیعت میں 3 لاکھ 54 ہزار سے زائد سعید روحیں حضرت مسیح موعود کے حصار عافیت میں داخل ہوئیں۔

**یکم اگست 2008ء:** حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے خطبہ جمعہ میں جلسہ سالانہ پر سائیکلوں پر آنے والوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے فرمایا کہ ''حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی تحریک پر سائیکل سوار آیا کرتے تھے۔ خدام نے جو یہ کام شروع کیا ہے اگر اس کو جاری رکھیں تو آجکل دنیا میں جو پٹرول کی کمی کا رونا رویا جا رہا ہے اور مہنگائی کا رونا رویا جا رہا ہے، کم از کم نوجوان تو اس سے بچ سکتے ہیں اور ایکسرسائز کی (Exercise) ہے، ورزش ہے۔

☆حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے واقفین نو بچوں اور بچیوں کو زبانیں سیکھنے کی تحریک فرمائی۔

**8 اگست 2008ء:** حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے پہلے پوتے کی ولادت باسعادت ہوئی۔ جس کا نام مرزا اسعد شریف احمد رکھا گیا۔

**13 اگست 2008ء:** سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت الفضل لندن سے جرمنی کے لئے روانہ ہوئے۔ ہمبرگ میں آمد اور احباب جماعت نے بیت الرشید میں استقبال کیا۔

**14 اگست 2008ء:** ہمبرگ سے 62 کلومیٹر دور سٹاڈے Stade شہر میں نئی بیت الذکر ''بیت الکریم'' کا افتتاح، حضور انور کا خطاب۔

**16 اگست 2008ء:** ہمبرگ سے ہنوور (Hannover) روانگی ''بیت السمیع'' کا افتتاح اور خطاب۔ ہنوور (Hannover) سے فرینکفرٹ کے لئے روانگی ہوئی۔

**17 اگست 2008ء:** منہائم میں خلافت جوبلی یورپین ٹورنامنٹس کا انعقاد ہوا۔ حضور انور اس میں تشریف فرما ہوئے اور انعامات تقسیم فرمائے۔

**19 اگست 2008ء:** جرمنی کے شہر Rodgau میں حضور انور نے بیت انوار کا افتتاح فرمایا۔

**20 اگست 2008ء:** جرمنی میں جامعہ احمدیہ کا قیام عمل میں آیا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے افتتاح فرمایا۔

☆بیت السبوح فرینکفرٹ جرمنی میں حضور انور کی موجودگی میں تقریب آمین ہوئی۔ تقریب میں 43 بچے اور 35 بچیاں شامل ہوئیں۔

☆حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے واقفین نو بچوں کی کلاس میں شرکت فرمائی۔ کلاس میں شامل ہونے والے بچوں کی تعداد 800 تھی۔ آٹھ سال سے لے کر پندرہ سال کی عمر سے زائد کے بچے اس کلاس میں شامل ہوئے۔

☆واقفات نو کی کلاس بھی منعقد ہوئی۔ حضور انور اس کلاس میں تشریف لائے اور ہدایات دیں۔

**21 اگست 2008ء:** فرینکفرٹ شہر سے Weil Der Stade کا فاصلہ 240 کلومیٹر ہے۔ اس شہر میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ''بیت قمر'' کا افتتاح اور خطاب فرمایا۔

☆حضور انور نے سائیکل سواروں سے ملاقات کی۔ یہ خدام جماعت Karl Sruhe سے 65 کلومیٹر کا سائیکل سفر طے کر کے پہنچے تھے۔

☆حضور انور نے پیدل خدام کو بھی شرف مصافحہ بخشا جو 75 کلومیٹر کا سفر کر کے پہنچے تھے۔

☆حضور انور نے دیگیں دھونے والی مشین کو بھی دیکھا جو جلسہ سالانہ میں دیگیں دھونے کا کام دے گی۔

**22 اگست 2008ء:** جلسہ سالانہ جرمنی کا پہلا دن، پرچم کشائی، ایک عشائیہ میں شرکت۔ عشائیہ میں درج ذیل ممالک کے نمائندگان نے شرکت کی۔ بلغاریہ، آئس لینڈ، میسیڈونیا، مالٹا، اسٹونیا، ہنگری، البانیہ، سلووینیہ، پولینڈ، چیک ریپبلک

**23 اگست 2008ء:** جلسہ سالانہ جرمنی میں لجنہ سے خطاب، طالبات میں ایوارڈز اور میڈلز کی تقسیم۔

☆ حضور انور نے جرمن مہمانوں کے ساتھ ایک پروگرام میں شرکت کی۔ اس پروگرام میں غیر مذاہب کے مہمان شامل ہوئے۔ حضور انور نے خطاب فرمایا۔

**24 اگست 2008ء:** حضرت خلیفۃ المسیح الخامس نے جلسہ سالانہ جرمنی سے اختتامی خطاب فرمایا۔ تقسیم انعامات اور لارڈ میئر نے اپنا ایڈریس کیا۔

**یکم اکتوبر 2008ء:** سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے بیت الفضل لندن میں رمضان کا درس القرآن ارشاد فرمایا اور اختتامی دعا کروائی۔

**3 اکتوبر 2008ء:** حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا ایک رویا اور احباب جماعت کو دعا کی تحریک۔

**5 اکتوبر 2008ء:** حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مجلس خدام الاحمدیہ برطانیہ کے 36ویں سالانہ اجتماع کے موقع پر اختتامی خطاب فرمایا۔

**8 اکتوبر 2008ء:** حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ لندن سے روانہ ہوئے۔ پیرس (فرانس) کے مشن ہاؤس ''بیت السلام'' میں ورود مسعود ہوا۔ بیت مبارک کا معائنہ فرمایا۔ میڈیا نے کوریج دی۔

**9 اکتوبر 2008ء:** حضور انور سے فرانس میں بیعت کرنے والے مختلف قوموں کے احباب و مرد و خواتین نے ملاقات کا شرف حاصل کیا۔

**10 اکتوبر 2008ء:** حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرانس کی سرزمین پر تعمیر ہونے والی جماعت احمدیہ کی پہلی بیت ''بیت مبارک'' کا افتتاح فرمایا۔ اس پروگرام میں Saint Prix کے میئر Jean Pierre Engalbert بھی اس افتتاحی تقریب میں شمولیت کے لئے آئے تھے۔ MTA کے علاوہ فرانس کے France 24 TV کی ٹیم نے بھی ریکارڈنگ کی اور اپنی نشریات میں شامل کیا۔

☆بیت مبارک میں واقفین نو بچوں اور بچیوں کی کلاس حضور انور کے ساتھ ہوئی۔

☆افتتاحی تقریب بیت مبارک کے حوالہ سے ایک عشائیہ کا اہتمام۔ اس پروگرام میں علاقہ کے میئر، ایمبیسیز کے نمائندے، اخبارات کے نمائندے، جرنلسٹس، ریڈیو کے نمائندے، پروفیسرز، سیکیورٹی کے نمائندے شامل ہوئے۔ حضور انور نے خطاب فرمایا۔ فرانس کے میڈیا نے کوریج دی۔

**11 اکتوبر 2008ء:** جلسہ ہالینڈ کے انتظامات کا جائزہ اور افتتاحی خطاب، تقسیم انعامات اور میڈیا کوریج اور ملاقاتیں۔

☆فرانس ٹی وی اور فرانس ریڈیو نے اپنی نشریات میں جماعت کا تعارف اور احباب کے انٹرویو نشر کئے۔

**13 اکتوبر 2008ء:** ایمسٹرڈیم (Amsterdam) میں جماعت ہالینڈ نے اپنے سنٹر کے لئے اس سال اپریل 2008ء میں ایک قطعہ زمین جس پر بعض عمارات تعمیر شدہ ہیں خریدا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اس کا معائنہ فرمایا۔

**14 اکتوبر 2008ء:** بیت النور نن سپیٹ میں واقفات نو اور بعد میں واقفین نو کی کلاسز ہوئیں جن میں حضور انور نے شمولیت فرمائی۔

**15 اکتوبر 2008ء:** حضور انور نے بیت خدیجہ جرمنی کا معائنہ فرمایا۔ میڈیا پر بیت خدیجہ کا چرچا ہوا۔

**16 اکتوبر 2008ء:** جرمنی کے نیشنل ٹی وی ZDF، ریجنل ٹی وی، RBB اور ریڈیو برلن (Berlin) کے جرنلسٹ اور نمائندگان نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا انٹرویو کیا۔

☆حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ سے صدر جرمن پارلیمنٹ Hon. Wolfagang Thierse وزیر برائے بہبود و سوشل ویلفیئر صوبہ برلن۔ Hon. Heidi Kanke Werner اور Pankow Berlin کے میئر کی ملاقات ہوئی۔ بیت خدیجہ کی ایک افتتاحی تقریب کے تحت تقریب عشائیہ VIP Reception کا انتظام ہوا۔ جس میں دو صد پچاس معزز مہمانوں نے شرکت کی۔

☆دو نظموں کا جرمن زبان میں ترجمہ ہوا۔

**17 اکتوبر 2008ء:** حضرت خلیفۃ المسیح الخامس

ایدہ اللہ تعالیٰ نے سرزمین برلن پر تعمیر ہونے والی سابقہ مشرقی جرمنی میں جماعت احمدیہ کی پہلی بیت ''بیت خدیجہ'' کا افتتاح فرمایا۔ ایم ٹی اے نے افتتاحی تقریب براہ راست پوری دنیا میں نشر کی۔ اسی طرح T V، ریڈیو اور اخبارات کے نمائندے، صحافی، جرنلسٹ موجود رہے اور تمام پروگرامز کو کوریج (Coverage) دی۔

☆میڈیا کے 8 ممالک کے نمائندے شامل تھے۔ جاپان، چیک ریپبلک، پولینڈ، ہالینڈ، اٹلی، سوئٹزرلینڈ، فرانس، سویڈن۔ جرمنی کے نیشنل چینل RTL، N-24، ARD، ZDF، DW، Euro News اور برلن کے چینل ABC World، RBB شامل ہیں۔

**22/اکتوبر 2008ء:** سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے اعزاز میں برطانوی پارلیمنٹ میں تقریب، ممبران پارلیمنٹ اور سفراء سے حضور انور کا پُر معارف اور بصیرت افروز خطاب۔

**5 نومبر 2008ء:** حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے تاریخی جوبلی سال میں بیرونی ممالک کے علاوہ برطانیہ کی مختلف جماعتوں میں تعمیر ہونے والی بیوت، جماعتی سنٹرز کے افتتاح کے لئے سفر اختیار فرمائے۔

☆برطانیہ کے شمال مشرق میں آباد شہر Scunthorpe تشریف لائے۔ لندن سے سکنتھورپ کا فاصلہ 199 کلومیٹر ہے۔

**7 نومبر 2008ء:** حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت المہدی بریڈفورڈ کی دیوار میں نصب تختی کی نقاب کشائی فرمائی۔ حضور انور کی بیت المہدی میں آمد، استقبال کے مناظر اور نقاب کشائی کی تقریب کو BBC ٹیلیویژن نے Live نشر کیا۔ مقامی BBC ریڈیو نے بھی Live پروگرام پیش کیا۔ برطانیہ کی سرزمین میں یہ پہلی بار واقعہ ہوا کہ BBC ٹیلیویژن نے کسی جماعتی تقریب یا پروگرام کو Live کاسٹ کیا۔

☆ایک تقریب عشائیہ سے حضور انور کا خطاب۔

**8 نومبر 2008ء:** حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بریڈفورڈ سے ہڈرز فیلڈ Huddersfield بیت الصمد میں آمد ہوئی۔ اب یہاں سے آگے شیفیلڈ Sheffield کے لئے روانگی ہوئی۔ بیت العافیت شیفیلڈ کا افتتاح تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بیت کی بیرونی دیوار میں نصب تختی کی نقاب کشائی فرمائی اور دعا کروائی۔ ایک عشائیہ Reception کا بھی پروگرام تھا۔ جس میں حکومتی انتظامیہ نے بھی شرکت کی۔ حضور انور نے خطاب فرمایا۔

**9 نومبر 2008ء:** Scunthorpe سے Leamington Spa قافلہ کی روانگی ہوئی۔ یہاں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے بیت الاحسان کا معائنہ فرمایا اور لندن واپسی ہوئی۔

**21 نومبر 2008ء:** حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے دورہ بھارت کے لئے دعاؤں کی تحریک فرمائی۔

**22 نومبر 2008ء:** بھارت کے دورہ کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے لندن سے سفر کا آغاز فرمایا۔

**23 نومبر 2008ء:** حضور انور دہلی (انڈیا) انٹرنیشنل اندرا گاندھی ایئرپورٹ پر اترے۔

**24 نومبر 2008ء:** حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے چنائی شہر کے ایک حلقہ Saint Thomas Mount میں نئی تعمیر ہونے والی احمدیہ بیت ہادی کا افتتاح فرمایا۔

**25 نومبر 2008ء:** حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے کالی کٹ میں بیت القدوس کا افتتاح فرمایا اور استقبالیہ خطاب فرمایا۔

**29 نومبر 2008ء:** حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے کیرالہ (بھارت) میں 5 بیوت الذکر کا افتتاح فرمایا۔

**بیت عمر:** ارنا کولم شہر میں بیت عمر کا افتتاح ہوا

**بیت العافیت:** دوسری بیت العافیت ہے جو کوڈونگلر (Kodungaller) میں واقع ہے۔

**بیت الہدیٰ:** تیسری بیت الہدیٰ ہے۔ آئرا پورم (Ayira Puram) میں واقع ہے۔

**بیت محمود:** چوتھی بیت، بیت محمود جو Pallurthi کے علاقہ میں ہے۔

**بیت ناصر:** پانچویں بیت ناصر ہے جو Alapuzha کے علاقہ میں تعمیر ہوئی ہے۔

**30 نومبر 2008ء:** حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ صوبہ کیرالہ کے واقفین نو بچوں کے ساتھ کلاس ہوئی۔ واقفات نو بچیوں کے ساتھ بھی کلاس ہوئی۔

**یکم دسمبر 2008ء:** حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا ہندوستان کے نیشنل اخبار Indian Express کے News Coordinator مسٹر Jusmua نیوئن نے انٹرویو کیا۔

☆حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا دوسرا انٹرویو ہندوستان کے نیشنل اخبار The Hindu کے چیف رپورٹر پی ایم بشیر صاحب اور اخبار جنم بھومی کے چیف رپورٹر نے لیا۔

**4 دسمبر 2008ء:** حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بیت الہادی میں از راہ شفقت واقفین زندگی خاندانوں اور خدمت کرنے والے کارکنان کے چھ نکاحوں کا اعلان فرمایا۔

**5 دسمبر 2008ء:** حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی دہلی کے انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے واپس لندن روانگی ہوئی۔

**6 دسمبر 2008ء:** حضور انور لندن کے انٹرنیشنل ہیتھرو ایئرپورٹ پر اترے۔

**5 جنوری 2009ء:** حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا الفضل خلافت جوبلی نمبر پر اظہار خوشنودی

**9 جنوری 2009ء:** خطبہ جمعہ میں وقف جدید کے 52ویں سال کا اعلان۔

**16 جنوری 2009ء:** حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ کے آخر پر فرمایا ''فلسطینیوں کے لئے دعاؤں کی بہت ضرورت ہے وہ ظلم کی چکی میں پس رہے ہیں''۔

**15 فروری 2009ء:** حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا جماعت احمدیہ بنگلہ دیش کے 85ویں جلسہ سالانہ سے لندن سے براہ راست پُر معارف اختتامی خطاب۔

**مارچ 2009ء:** سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا پاکستان کی مجلس مشاورت 2009ء کے لئے خصوصی پیغام۔

**7 مارچ 2009ء:** حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کی تقریبات کے سلسلہ میں گلاسگو (سکاٹ لینڈ) کے Lord Provost کی دعوت سٹی چیمبر کی پُرشکوہ عمارت کے بینکوئٹ ہال میں منعقدہ ایک تقریب میں بصیرت افروز خطاب فرمایا۔

**21 مارچ 2009ء:** بیت الفتوح لندن کے طاہر ہال میں ایک پیس کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف سیاسی وسماجی شخصیات نے شمولیت کی اور اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے خطاب سے نوازا۔

**27 مئی 2009ء:** حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے جلسہ سالانہ قادیان منعقدہ 27,26,25 مئی 2009ء کے اختتامی اجلاس سے ایم ٹی اے لندن سے خطاب فرمایا۔

**12 جون 2009ء:** حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جماعت احمدیہ کبابیر کے جلسہ سالانہ کے موقع پر عرب احمدیوں کے لئے خصوصی پیغام خطبہ جمعہ میں دیا۔

**24 تا 26 جولائی 2009ء:** جلسہ سالانہ یوکے۔ حضور کے پُر معارف خطابات۔

**25 جولائی 2009ء:** مکرم چوہدری شبیر احمد صاحب وکیل المال اول تحریک جدید نے مورخہ 25 جولائی 2009ء کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت اقدس میں خلافت جوبلی 2008ء کے موقع پر اللہ تعالیٰ کے احسانات اور شکر گزاری کا عملی ثبوت دیتے ہوئے جماعت ہائے احمدیہ عالمگیر کی طرف سے 25 لاکھ پاؤنڈ سٹرلنگ کا تحفہ پیش کیا۔ جسے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے قبول فرمایا۔ اب تک خدا تعالیٰ کے فضل سے 69 زبانوں میں قرآن کریم کے تراجم ہو چکے ہیں۔ خبر رساں ایجنسی رائٹر (Reuter) کے ساتھ نیا معاہدہ جو ایم ٹی اے کو عالمی وڈیو پورٹس پر مبنی روزانہ بلیٹن دے گا۔ ایم ٹی اے 3 العربیہ اب ہارڈ برڈ کے ساتھ ساتھ عرب دنیا میں دو انتہائی مقبول سیٹلائٹس ایٹلانٹک برڈ 4 اور یورپ 9A پر بھی شروع کر دی گئی۔ اب عرب میں ایم ٹی اے ہر علاقے میں دیکھا جاسکے گا۔ ایم ٹی اے کا یوٹیوب (YouTube) کے اوپر بھی ایک آفیشل چینل کا اجراء کیا گیا ہے۔ اب ایم ٹی اے کے متعدد پروگرامز یوٹیوب پر بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔

**7/اگست 2009ء:** سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے خطبہ جمعہ میں گوجرہ میں عیسائیوں پر کئے گئے مظالم کی مذمت کی۔

**14 تا 16/اگست 2009ء:** جلسہ سالانہ جرمنی سے حضور کے خطابات۔

**6 نومبر 2009ء:** حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے خطبہ جمعہ میں تحریک جدید کے 76ویں سال کے آغاز کا اعلان فرمایا۔

**12 دسمبر 2009ء:** حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا بیلجیئم میں ورود مسعود ہوا۔

☆حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی بیلجیئم آمد پر چیف منسٹر برائے جرمن سپیکنگ Hon. Mr Karl Heinz Lambertz نے حضور انور ایدہ اللہ کو خوش آمدید کہا۔

**13 دسمبر 2009ء:** حضور انور سے برسلز پارلیمنٹ کی سابق ممبر Mrs. Souad Razouk اور ان کی ہمشیرہ اور بہنوئی نے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔

**15 دسمبر 2009ء:** حضور انور نے Riedstadat شہر میں جامعہ احمدیہ جرمنی کی عمارت کا سنگ بنیاد رکھا۔ کمشنر ضلع گیراؤ کا ایڈریس Riedstadat سے میئر کا خطاب۔ آخر پر حضور انور نے خطاب ارشاد فرمایا۔

**16 دسمبر 2009ء:** حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے Frankfurt سے 165 کلومیٹر دور جنوب مغرب کی طرف آباد شہر Karlsruhe میں ایک بڑی وسیع وعریض جگہ جلسہ کا معائنہ فرمایا۔

☆حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ Pforzheim شہر پہنچے جہاں حضور انور نے بیت الباقی Pforzheim کا سنگ بنیاد رکھا۔

**18 دسمبر 2009ء:** بیت النور فرینکفرٹ کی تعمیر پر 50 سال پورے ہونے پر حضور انور نے خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔

**19 دسمبر 2009ء:** حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بیت نور فرینکفرٹ کے 50 سال پورے ہونے پر ایک تقریب میں شرکت فرمائی۔ جس میں منسٹر آف لاء، ممبر صوبائی اسمبلی، ممبر یورپین پارلیمنٹ اور صدر مذہبی کونسل نے اپنے ایڈریسز پیش کئے۔ حضور انور نے آخر پر پُر معارف خطاب ارشاد فرمایا۔ میڈیا کے سوالوں کے جوابات دیئے۔

**20 دسمبر 2009ء:** حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے مجلس شوریٰ جماعت احمدیہ جرمنی میں شرکت فرمائی اور خطاب ارشاد فرمایا۔

**21 دسمبر 2009ء:** حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے بیت النور جرمنی میں ایک بیعت کی تقریب میں شرکت فرمائی۔ جس میں مراکش کے ایک دوست محمد سلا کی صاحب اور سوڈان کے ایک دوست المعز علی محمد صاحب نے حضور انور کے دست مبارک پر بیعت کی سعادت حاصل کی۔

**28 دسمبر 2009ء:** حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے 119ویں جلسہ سالانہ قادیان سے طاہر ہال بیت الفتوح مورڈن لندن سے اختتامی خطاب ارشاد فرمایا۔

# حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی یاد میں

تیری رحلت کی جب ہم نے پائی خبر
برق کوندی کہ بس الامان الحذر
جب یہ بجلی گری رو دیا ہر بشر
دل تھا چھلنی کہ دھندلا گئی تھی نظر
اپنے دامن میں سورج لپیٹے ہوئے
چل دیا کون خوشیاں سمیٹے ہوئے
کتنی تاریک چپ چاپ سی رات ہے
گھپ اندھیرا ہے اور غم کی سوغات ہے
آج گھر کے اجالے کدھر کھو گئے
عزم کے دیپ خاموش سے ہو گئے
جانے والا ہمیں کیسا غم دے گیا
دل کو بخشی تپش چشمِ نم دے گیا
یاد تھا ہر سبق اس کو احسان کا
ناصرؔ دیں تھا حافظؔ تھا قرآن کا
اس کے اوصاف و جوہر کروں کیا بیاں
مجھ سے بڑھ کر ہیں ہر دوسرے پہ عیاں
وہ محبت کا اک زندہ شہکار تھا
بندۂ حق تھا دین اس کو درکار تھا
پا لیا جس نے کچھ اس کے ادراک سے
کچھ رہی نہ طلب اس کو املاک سے
آزمائش کی ہر اک کڑی دھوپ میں
مثلِ کوہِ گراں تھا ہر اک روپ میں
کار ہائے نمایاں کہاں تک گنوں
میں کسے چھوڑ دوں اور کس کو چنوں؟؟
وہ قدرت کا انمول تحفہ تھا اک
جس گھڑی چھن گیا کیسا لمحہ تھا اک
دوستوں سے وہ جانے کہاں کھو گیا
جیت کر دشمنوں کے وہ دل سو گیا
اس کے جانے سے دل ٹوٹے پھوٹے بہت
صبر چُھوٹے بہت ضبط ٹوٹے بہت
رونقیں محفلوں کی کہاں کھو گئیں
کل تھیں خوشیاں یہاں آج کیا ہو گئیں
سارا عالم ہی جیسے کہ رونے لگا
اک اندھیرا سا کیوں دل میں ہونے لگا
کس کو کاندھے پہ رکھے یہ جمِ غفیر
ہے کدھر لے چلا؟ تھا کہاں کا سفیر
اس سے آگے حقیقت نہ دیکھی گئی
ہاتھ دل پر رکھے اپنے گھر آ گئی
چاند نکلا تو کچھ ڈوبا ڈوبا سا تھا
ہر نظارہ جو تھا روٹھا روٹھا سا تھا
جس قدر لوگ تھے کتنے خاموش تھے
جاگتے تھے کہ سوئے کہ مدہوش تھے
پھر دعاؤں سے لرزا یہ عرش بریں
تب اچانک نظر آ گیا اک نگیں
نور کے قافلے تب اترنے لگے
چہرے دھلتے گئے دل نکھرنے لگے
ڈوبتی ناؤ جویا تھی پتوار کی
آنے والے نے ہر راہ ہموار کی
دل سکینت سے معمور ہوتے گئے
پھر اندھیروں سے ہم دور ہوتے گئے
ٹھنڈی خوشبو بھری اک حسیں رات ہے
چاند دلہا ہے تاروں بھری رات ہے
جانے والے نہ بھولیں گے ہم تیری یاد
آنے والے تو صدیوں جئے بامراد

**ڈاکٹر ف۔منیر**

# اطلاعات و اعلانات

**نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔**

## تحریک جدید کا عظیم الشان مقصد

سیدنا حضرت مصلح موعودنے فرمایا:۔

’’اللہ تعالیٰ نے ہماری جماعت کو محض اس لئے قائم کیا ہے کہ وہ اخلاق حسنہ دنیا میں قائم کرے جو آج معدوم نظر آتے ہیں یہی غرض میری تحریک جدید کے قیام سے تھی۔‘‘ (مطالبات صفحہ 173)

اس مقصد کو بیان کرنے کے بعد حضور نے فرمایا:۔

’’ان مطالبات کا مقصد محض یہ تھا کہ جماعت اپنے حالات کے مطابق خرچ کرنے کی عادت ڈالے اور تباہی کے گڑھے میں گرنے سے محفوظ رہے۔‘‘

(مطالبات صفحہ 174)

جملہ افراد جماعت کو یہ عظیم الشان مقصد پیش نظر رکھتے ہوئے اپنے جائزہ لینا چاہئے کہ تحریک جدید میں معیاری قربانی پیش کرنے کیلئے اپنے حالات میں کہاں تک تبدیلی کی گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو وقت کے تقاضے کے مطابق قربانیاں پیش کرنے کی توفیق بخشے۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

## سانحہ ارتحال و شکریہ احباب

مکرم ناصر احمد صاحب جرمنی تحریر کرتے ہیں۔

میری والدہ محترمہ زینب بی بی صاحبہ اہلیہ مکرم مولوی عبدالخالق صاحب مرحوم چک سکندر ضلع گجرات بقضائے الٰہی مورخہ 22 مارچ 2010ء کو جرمنی میں وفات پا گئیں ۔ مرحومہ موصیہ تھیں۔ میت ربوہ لائی گئی۔ مورخہ 25 مارچ کو بعد نماز عصر بیت مبارک ربوہ میں محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے نماز جنازہ پڑھائی۔ بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد محترم مولانا سلطان محمود انور صاحب ناظر خدمت درویشاں نے دعا کروائی۔ مرحومہ نے پسماندگان میں 4 بیٹے خاکسار، مکرم مولود احمد صاحب، مکرم منصور احمد صاحب، مکرم نصیر احمد صاحب اور ایک بیٹی مکرمہ قمر النساء صاحبہ سوگوار چھوڑی ہیں۔

اس دکھ اور مشکل گھڑی میں احباب جماعت اور عزیز و اقارب نے تعزیت کی اور دکھ میں شریک ہوئے خاکسار ان سب افراد کا تمام پسماندگان کی طرف سے شکریہ ادا کرتا ہے۔ خدا تعالیٰ سب کو اجر عظیم سے نوازے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کے ساتھ مغفرت کا سلوک فرماتے ہوئے درجات بلند فرمائے اور تمام پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

## سیرت مکرم ابوالمنیر نورالحق صاحب

مکرم نصیر الحق صاحب تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے والد اور سلسلہ احمدیہ کے دیرینہ خادم محترم مولانا ابوالمنیر نورالحق صاحب کی حیات و خدمات کی تدوین کا کام جاری ہے۔ جن احباب کے پاس اس سلسلہ میں قابل ریکارڈ معلومات ہوں تو براہ کرم درج ذیل پتہ پر رابطہ کر کے ممنون فرمائیں۔

26/18 مہبط الانوار دارالرحمت وسطی ربوہ

فون: 047-6213545

Haqfamily@hotmail.com

## نکاح

مکرمہ نصرت اختر صاحبہ زوجہ مکرم محمد شریف اختر صاحب مرحوم دارالنصر غربی اقبال ربوہ تحریر کرتی ہیں۔

میری بیٹی مکرمہ قرۃ العین صاحبہ بنت مکرم محمد شریف اختر صاحب دارالنصر غربی اقبال ربوہ کے نکاح کا اعلان مکرم محمد شفیق صاحب ولد مکرم محمد شفیع صاحب ٹورانٹو کینیڈا سے مورخہ 27 مارچ 2010ء کو بیت مبارک ربوہ میں بعوض دس ہزار ڈالرز حق مہر پر مکرم سید محمود احمد شاہ صاحب ناظر اصلاح و ارشاد مرکزیہ نے کیا۔ 28 مارچ کو تقریب رخصتانہ اور 29 مارچ کو تقریب ولیمہ ہوئی۔ احباب جماعت سے اس عقد کے بابرکت ہونے کیلئے درخواست دعا ہے۔

## ضرورت کچن سپروائزر

طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ میں کچن سپروائزر کی آسامی خالی ہے۔ ایسے حضرات جو ملازمت میں دلچسپی رکھتے ہوں اپنی CV اور درخواستیں ایڈمنسٹریٹر صاحب طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ کے نام اپنے صدر صاحب/ امیر صاحب کی سفارش سے ارسال کریں۔

(ایڈمنسٹریٹر طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ)

## ضرورت لانڈری سپروائزر

طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ میں لانڈری سپروائزر میں آسامی خالی ہے۔ ایسے حضرات جو ملازمت میں دلچسپی رکھتے ہوں اپنی CV اور درخواستیں ایڈمنسٹریٹر صاحب طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ کے نام اپنے صدر صاحب/ امیر صاحب کی سفارش سے ارسال کریں۔

(ایڈمنسٹریٹر طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ)

## کامیابی

مکرم چوہدری حنیف احمد صاحب ولد مکرم چوہدری محمد شفیع صاحب مرحوم نصیر آباد سلطان ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے محض فضل و کرم سے خاکسار کے بیٹے مکرم انیس احمد ندیم صاحب نے 2009ء میں بی کام گورنمنٹ دیال سنگھ کالج لاہور سے 963/1500 نمبرز حاصل کر کے اپنے کالج میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مکرم انیس احمد ندیم صاحب کو 4 فروری کو کانووکیشن میں چیف سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن پنجاب سے ڈگری اور انعام حاصل کرنے کا شرف حاصل ہوا۔ موصوف حضرت مولوی فتح دین صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کا نواسہ اور مکرم چوہدری رحمت اللہ صاحب مرحوم سابق کارکن قصر خلافت کا پوتا ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بچے کو نیک، صالح، دین کا خادم، درازی عمر والا اور ماں باپ کیلئے آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے اور اس طرح مزید اعزازات سے نوازے۔ آمین

## کامیابی
### (مریم گرلز ہائی سکول ربوہ)

امسال مریم گرلز ہائی سکول ربوہ کے 44 طلبہ نے جماعت پنجم کے سالانہ امتحان بورڈ 2009-10ء میں شمولیت اختیار کی، جبکہ جماعت ہشتم کی 42 طالبات سالانہ امتحان بورڈ 2009-10ء میں شامل ہوئیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہر دو کلاسز کے تمام طلباء و طالبات نے امتحان میں کامیابی حاصل کی اور نتیجہ سو فیصد رہا۔ سکول میں پہلی تین پوزیشنز حاصل کرنے والی طالبات کے نام بغرض دعا تحریر ہیں۔

**جماعت پنجم**

**اول** مدیحہ واحد بنت مکرم عبدالواحد صاحب 428/600

**دوم** سیدہ وجیہہ ہاشمی بنت مکرم شفقت حسین صاحب 403/600

**سوم** تنزیلہ کنول بنت مکرم عبدالحق صاحب 399/600

**جماعت ہشتم**

**اول** مہرین طاہر بنت مکرم عبدالحی طاہر صاحب 669/800

**دوم** ثناء ہاشمی بنت مکرم شفقت حسین صاحب 624/800

سوم: فرح بنت مکرم محمد امین صاحب 590/800

احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ طالبات کو ہر میدان میں کامیابیاں عطا فرماتا چلا جائے اور جماعت کے لئے نافع الناس وجود بنائے۔ آمین

(پرنسپل مریم گرلز ہائی سکول ربوہ)

## احمدی مصنفین رابطہ کریں

اگر آپ نے کبھی کوئی مقالہ یا کتاب لکھی ہے یا آپ کی کوئی تصنیف شائع ہوئی ہے تو درخواست ہے کہ اولین فرصت میں ہم سے رابطہ فرمائیں۔

’’ریسرچ سیل‘‘ ایسی تمام کتب/اخبارات و رسائل اور مقالہ جات کا ڈیٹا Data اکٹھا کر رہا ہے جو 1889ء سے لے کر اب تک کسی بھی احمدی کی طرف سے شائع شدہ ہوں۔

درج ذیل کوائف کے مطابق ہمیں فیکس یا ای میل کریں۔ اگر آپ کے پاس سلسلہ کی پرانی کتب موجود ہیں تو بھی درخواست ہے کہ ہمیں مطلع فرمائیں۔ آپ کے تعاون کا شدت سے انتظار رہے گا۔

**ضروری کوائف:**

کتاب کا نام: مصنف/مرتب/مترجم کا نام:
ایڈیشن: مقام اشاعت: تاریخ اشاعت:
ناشر/ طابع: تعداد صفحات: زبان: موضوع:

فون نمبرز آفس: 0092476214953
رہائش 0476214313
موبائل 03344290902
فیکس نمبر: 0092476211943
ای میل tahqeeqj@yahoo.com
tahqeeq@gmail.com
ayaz313@hotmail.com

(انچارج ریسرچ سیل ربوہ)

## ولادت

مکرم محمد اقبال قمر صاحب طاہر آباد شرقی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میرے بیٹے مکرم شہزاد اقبال صاحب اور بہو مکرمہ ناصرہ نسیم شہزاد صاحبہ کو مورخہ 29 مارچ 2010ء کو اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے پہلی بیٹی سے نوازا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت بچی کا نام کاشفہ شہزاد عطا فرمایا ہے۔ نومولودہ وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔ بچی حضرت نبی بخش صاحب آف بھوئے وال ضلع امرتسر رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے اور مکرم سعید احمد صاحب آف چک نمبر 109 روڈا ضلع فیصل آباد کی نواسی ہے۔ بچی کے نیک نصیب صالحہ، خادمہ دین اور والدین کیلئے قرۃ العین ہونے کیلئے نیز درازی عمر کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

**الفضل کی اشاعت میں تعاون فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔**

# خبریں

## بجلی بحران پر فیصلے، وزیراعظم نے کانفرنس کے شرکاء کو اسلام آباد روک لیا

ملک بھر میں جاری بدترین توانائی بحران پر قابو پانے کیلئے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں جاری دو روزہ توانائی کانفرنس میں کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہوسکا اور قوم کو بحران پر قابو پانے کیلئے حکومتی فیصلے کا مزید دو روز اور انتظار کرنا پڑے گا۔ وزیراعظم گیلانی نے حتمی فیصلہ ہونے تک تمام شرکاء کو اسلام آباد میں ہی روک لیا اور تمام صوبائی حکومتوں، متعلقہ وفاقی وزارتوں اور اداروں کو انرجی کانفرنس میں اپنا موقف پیش کرنے کی ہدایت کی ہے جس کے بعد سفارشات پیش کی جائیں گی اور اسی دن ان کا اعلان کیا جائے گا۔

## سپریم کورٹ 18ویں ترمیم کالعدم قرار دے سکتی ہے

معروف قانون دان اکرم شیخ ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ جوڈیشل کمیشن سے عدلیہ کی آزادی متاثر ہوئی ہے۔ سپریم کورٹ 18ویں آئینی ترمیم کو کالعدم قرار دے سکتی ہے۔ 13 اور 14ویں ترامیم واضح مثالیں ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ چوہدری اعتزاز احسن حکومت کی وکالت ضرور کریں مگر ذاتیات پر آنے سے پرہیز کریں۔ جوڈیشل کمیشن کا مقصد عدلیہ کو دباؤ میں لانے کے مترادف ہے جس سے عدلیہ کی آزادی متاثر ہوئی ہے۔ اس لئے عدلیہ اس ترمیم کو نہ صرف معطل بلکہ اس کو کالعدم بھی قرار دے سکتی ہے۔

## اٹھارہویں ترمیم سپریم کورٹ اور لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج

18ویں ترمیم کو سپریم کورٹ کی لاہور رجسٹری اور لاہور ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ ترمیم کو بدنیتی پر مبنی اور آئین کی روح کے منافی قرار دینے کی استدعا کی گئی۔ سپریم کورٹ میں دائر درخواست میں کہا گیا ہے کہ ججوں کی تقرری میں سیاستدانوں کے کردار کی آئین میں کوئی گنجائش نہیں۔ لہٰذا جوڈیشل کمیشن سے سیاستدانوں کا عمل دخل ختم کیا جائے۔ لاہور ہائی کورٹ میں دائر درخواست میں کہا گیا ہے کہ 18ویں ترمیم کے ذریعے آئین کے آرٹیکل 63,62 اور تیسری مرتبہ وزیراعظم بننے کی پابندی کے خاتمے اور صوبہ سرحد کا نام تبدیل کرنے کی شقیں آئین کے بنیادی ڈھانچے اور اصل روح کے منافی ہیں۔ عدالت اسے غیر آئینی اور غیر اسلامی قرار دے۔

## پنجاب میں کاروباری مراکز اور شادی ہالز رات 9 بجے بند کرنے کا فیصلہ

کمشنر لاہور ڈویژن خسرو پرویز خان نے لوڈشیڈنگ کے بحران کے خاتمے کیلئے حکومت پنجاب کو ارسال کی جانے والی تجاویز کے حوالے سے منعقدہ اجلاس میں بتایا ہے کہ تمام کاروباری مراکز کو شام 5 بجے سے 9 بجے رات تک مسلسل بجلی فراہم کی جائے گی جس میں لوڈشیڈنگ نہیں ہوگی۔ تمام کمپنیوں، دکانوں کے سرکاری یا غیر سرکاری الیکٹرانک نیون سائن بورڈز مغرب کے بعد جلانے پر پابندی ہوگی۔ 9 بجے رات کے بعد کسی بھی دکاندار کو یو پی ایس یا جنریٹر کے ذریعے بھی بجلی حاصل کر کے کاروبار چلانے کی قطعاً اجازت نہ ہوگی۔ اس کا اطلاق تمام کاروباری مراکز پر یکساں ہوگا۔ اسی طرح تمام شادی ہالز رات 9 بجے کے بعد شادی بیاہ یا دیگر تقریبات منعقد نہ کر سکیں گے۔ بڑے مکانوں یا شادی ہالوں پر چراغاں کرنے کی مکمل پابندی عائد ہوگی۔ سرکاری طور پر تمام پارکس میں بھی 50 فیصد لائٹس بند کر دی جائیں گی۔

# ایم ٹی اے کے پروگرام

## 28 اپریل 2010ء

| | |
|---|---|
| 12-35 am | عربی سروس |
| 1-35 am | ان سائیٹ اور سائنس اور میڈیسن ریویو |
| 2-10 am | گلشن وقف نو |
| 3-10 am | اجتماع مجلس انصار اللہ یو کے 2009ء |
| 4-00 am | انتخاب سخن |
| 5-05 am | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں اور خبرنامہ |
| 5-40 am | تلاوت، اور درس ملفوظات |
| 6-15 am | یسرنا القرآن |
| 6-30 am | لقاء مع العرب |
| 7-35 am | عربی سیکھئے |
| 7-55 am | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں اور خبرنامہ |
| 8-30 am | سوال وجواب |
| 9-25 am | سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے |
| 10-10 am | اجتماع مجلس انصار اللہ یو کے 2009ء |
| 11-40 am | چلڈرن کلاس |
| 12-30 pm | قصص الانبیاء |
| 1-35 pm | سوال وجواب |
| 2-30 pm | انڈونیشین سروس |
| 3-30 pm | سواحیلی سروس |
| 4-30 pm | تلاوت |
| 4-45 pm | یسرنا القرآن |
| 5-10 pm | خطبہ جمعہ فرمودہ 20 اپریل 1984ء |
| 6-05 pm | بنگلہ پروگرام |
| 7-10 pm | جلسہ سالانہ یو کے 2003ء |
| 8-40 pm | آئل پینٹنگ |
| 9-10 pm | خبرنامہ |
| 9-25 pm | یسرنا القرآن |
| 9-45 pm | سوال وجواب |
| 10-45 pm | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں |
| 11-05 pm | عربی سروس |

## ربوہ میں طلوع وغروب 22 اپریل

| | |
|---|---|
| طلوع فجر | 4:05 |
| طلوع آفتاب | 5:30 |
| زوال آفتاب | 12:07 |
| غروب آفتاب | 6:44 |

## 29 اپریل 2010ء

| | |
|---|---|
| 12-05 am | لقاء مع العرب |
| 1-05 am | قصص الانبیاء |
| 2-05 am | چلڈرن کلاس |
| 3-00 am | جلسہ سالانہ یو کے 2003ء |
| 4-25 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 20 اپریل 1984ء |
| 5-25 am | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں اور خبرنامہ |
| 6-05 am | تلاوت |
| 6-15 am | یسرنا القرآن |
| 6-35 am | لقاء مع العرب |
| 7-35 am | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں اور خبرنامہ |
| 8-10 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 20 اپریل 1984ء |
| 9-05 am | آئل پینٹنگ |
| 9-30 am | جلسہ سالانہ یو کے 2003ء |
| 11-00 am | تلاوت اور درس ملفوظات |
| 11-45 am | چلڈرن کلاس |
| 1-05 pm | فیتھ میٹرز |
| 2-10 pm | ملاقات پروگرام (انگریزی) |
| 3-15 pm | انڈونیشین سروس |
| 4-20 pm | پشتو سروس |
| 5-05 pm | تلاوت |
| 5-30 pm | یسرنا القرآن |
| 6-00 pm | بنگلہ پروگرام |
| 7-00 pm | (Live) Shotter Shondhane |
| 9-00 pm | خبرنامہ |
| 9-20 pm | یسرنا القرآن |
| 9-40 pm | ملاقات پروگرام (انگریزی) |
| 11-00 pm | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں اور خبرنامہ |
| 11-30 pm | Shotter Shondhane |

FD-10


WEDDING | PARTY | EVERYDAY
SHARIF JEWELLERS SINCE 1952
Rabwah
Aqsa Road 6212515 6215455
Railway Road 6214750 6214760
www.sharifjewellers.com

چلتے پھرتے بروکروں سے سیمپل اور ریٹ لیں۔
وہی ورائٹی ہم سے 50 پیسے یا 1 روپیہ کم ریٹ میں لیں
گنیا (معیاری پیمائش) کی گارنٹی کے ساتھ
ہماری خواہش ہے کہ آپ کی لاعلمی کی وجہ سے کوئی ناجائز فائدہ نہ اٹھا سکے۔
اظہر ماربل فیکٹری
15/5 باب الابواب درہ سٹاپ ربوہ
فون فیکٹری: 6215713 گھر: 6215219
پروپرائٹر: رانا محمود احمد موبائل: 0332-7063013

دارالصدر میں پلاٹ خریدنے کا سنہری موقعہ
دارالصدر شمالی میں ایک پلاٹ تقریباً 10 مرلے نزد کوٹھی حضرت نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ برائے فروخت ہے
برائے رابطہ ربوہ: 0321-7712480
برائے رابطہ لاہور: 0300-8443234

انسانیت کی محبت سے خالی دل ایک غار ہے
جلدی سونے۔ جلدی جاگنے اور کم کھانے سے صحت عقل اور دولت ملتی ہے
حکیم منور احمد عزیز چک چٹھہ والے
دارالفتوح گلی نمبر 1 ربوہ 047-6214029,0334-6201283

الفضل سپلٹ اینڈ ونڈو اے سی
اگر آپ اپنا پرانا ونڈو اے سی سپلٹ، فریج، فریزر چلر پلانٹ، سکریپ یارڈ وغیرہ فروخت کرنا چاہتے ہیں تو ہم بہترین قیمت دیتے ہیں۔
رابطہ شاہد اقبال۔ لاہور: 0333-4862020

ماشاءاللہ روم کولر
جستی چادر سے تیار شدہ
ہر قسم کے روم کولر دستیاب ہیں
طالب دعا: محمد سرور
17-10-B-1 کالج روڈ نزد اکبر چوک ٹاؤن شپ لاہور
فون: 042-5153706-0300-9477683

آندرے آس لینگوئج انسٹیٹیوٹ
جرمن زبان سیکھئے
گوئٹے انسٹیٹیوٹ سے سند یافتہ ٹیچر
اور اب لاہور کراچی ٹیسٹ کی تیاری کیلئے بھی تشریف لائیں۔
(1) کورس دو ماہ -/4000 ماہانہ (2) کورس تین ماہ -/6000 ماہانہ (3) صرف تیاری ٹیسٹ ایک ماہ -/4000
برائے رابطہ: طارق شبیر دارالرحمت غربی ربوہ
03336715543, 03007702423,0476213372